# DARUL IFTA
Jamia Binoria International
Near S.I.T.E Police Station Karachi No: 16 Pakistan

دار الإفتاء والقضاء
الجامعة البنورية العالمية
متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ١٠٦٩٨ کراچی پاکستان


Date: 20-10-2016 Ref: 52749

## الجواب حامداً ومصلّیاً

جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ ونڈو تکافل آپریشنز کے تکافل پلانز اگر واقعۃً وقف اور وکالت کے اصولوں پر مبنی ہوں، اور کمپنی انہی اصولوں کے مطابق کام کرتی ہو جس کی نگرانی مستند علماء کرتے ہوں تو ونڈو تکافل آپریشنز کے تکافل پلانز کی رکنیت لینا، وقف فنڈ میں تعاون کرنا اور اس کی دیگر پالیسیوں سے فائدہ اٹھانا شرعاً جائز ہے۔

جوبلی فیملی تکافل کمپنی کا یہ حکم اس وقت تک ہے جب تک اس کے معاملات مستند علماء کی نگرانی میں ہو رہے ہوں اور اس میں شرعی تقاضوں کو بھی پورا کیا جا رہا ہو۔ اگر کسی وقت اس کے معاملات میں انحراف سامنے آیا اور معاملات کی شرعی نگرانی کا اہتمام باقی نہ رہا تو یہ حکم بھی باقی نہیں رہے گا۔

واللہ تعالیٰ اَعلم بالصواب

حسین احمد خان عفااللہ عنہ

دار الافتاء جامعہ بنوریہ عالمیہ کراچی

18/محرم الحرام/1438ھ

الجواب صحیح

بندہ نادر جان بن ... عفی عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۱۸/۱/۱۴۳۸ھ

دار الافتاء ۵۲۷۴۹ ۱۴۳۸/۱/۱۸ھ الجامعۃ البنوریۃ العالمیۃ سائٹ کراچی

20/10/2016

نائب رئیس دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ


Ph: 0092 21 32560300 - 400 Fax: 0092 21 32564586 darulifta@gmail.com www.jamiabinoria.net

دار الافتاء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# جوبلی فیملی تکافل کی ممبر شپ حاصل کرنے کی شرعی حیثیت

کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلہ سے متعلق کہ:

جوبلی فیملی تکافل۔ ایک ونڈو تکافل آپریشنز ہے جس نے پاکستان میں ایک سال قبل اپنے کام کا آغاز کیا ہے۔ ونڈو تکافل آپریشنز نے تکافل کے نظام کو مکمل طور پر شرعی اصولوں کے مطابق بنانے کیلئے شریعہ ایڈوائزر کا انتخاب کیا ہے جو کہ جامعہ دارالعلوم کراچی کے فاضل و متخصص ہیں۔ اور ایک شریعہ کمپلائنز آفیسر جو آپریشنل مسائل کی نگرانی کرنے کیلئے ایس ای سی پی کی گائیڈ لائن کے مطابق آفیشل ٹائم کیلئے آفس میں موجود رہتے ہیں۔ ونڈو تکافل آپریشنز وقف اور وکالت کی بنیاد پر کام کرتی ہے جو کہ مندرجہ ذیل خصوصیات پر مشتمل ہے۔

1۔ ونڈو تکافل آپریشنز کے شیئر ہولڈرز نے ایک مشترکہ وقف فنڈ قائم کیا ہے (جسے اب پی ٹی ایف سے تعبیر کیا جائے گا) اس پی ٹی ایف کا قیام سرمایہ کے ایک حصّہ کو وقف کر کے عمل میں آیا ہے اور یہ وقف شدہ اصل رقم سرمایہ کاری میں لگائی جائیگی۔

2۔ پی ٹی ایف کے قوانین کے مطابق ہر شخص فنڈ ممبر بننے کی درخواست (پرپوزل فارم) پر کر کے ونڈو تکافل آپریشنز کو پیش کرے گا جسمیں ممبر شخصی معلومات کے علاوہ وقف کے قوانین (جو کہ پارٹسپینٹ ممبر شپ ڈاکومنٹ میں موجود ہیں) کی پابندی کا التزام کرنے اور ایک رقم بطور عطیہ دینے کا بھی التزام کرتا ہے۔ ونڈو تکافل آپریشنز اس درخواست پر غور کر کے وقف کے قوانین کی روشنی میں اور وقف فنڈ کی مصلحت کو مد نظر رکھتے ہوئے درخواست قبول کرتی ہے اور اس درخواست دہندہ کو فنڈ ممبر ہونے اور فنڈ سے حاصل ہونے والے تعاون کی تفصیل سے بھی مطلع کرتی ہے یا کسی وجہ سے مصلحت نہ ہونے کی صورت میں درخواست رد کر دیتی ہے۔

3۔ پی ٹی ایف کے درج ذیل مقاصد ہیں:

(الف) پی ٹی ایف اپنے ممبرز کو ممبر شپ کے کاغذات میں بیان شدہ نقصانات پیش آنے کی صورت میں مالی تعاون فراہم کریگا۔

(ب) پی ٹی ایف اپنے ممبرز کو وقف نامہ کے مطابق دیگر منافع بھی فراہم کریگا مثلاً کسی وقت فنڈ میں مناسب اضافی رقم جمع ہونے کی صورت میں اسے متعینہ اصولوں کے مطابق ممبرز میں تقسیم کیا جائے گا۔

(ج) پی ٹی ایف شریعہ ایڈوائزر سے منظور شدہ عطیات عطیہ کریگا۔

4۔ پی ٹی ایف ایسے قوانین منضبط کریگا جنکی بنیاد پر مستفیدین میں فنڈز کی تقسیم ہو سکے اور یہ فیصلہ بھی کریگا کہ اسکے نقصانات کی کس حد تک تلافی کی جائے گی۔ اس کی تعیین ایکچوری کے حسابات (یعنی عام انشورنس میں خطرات اور پریمیم کا حساب لگانا) کے مطابق بھی کی جاسکتی ہے۔

5۔پی ٹی ایف وقف ہونے کی حیثیت سے اپنے تمام شرکاء کی طرف سے جمع کرائی جانے والی رقم کا مالک ہو گا اور شخص قانونی ہونے کی وجہ سے پی ٹی ایف سرمایہ کاری کرنے ،نقصانات کی تلافی کرنے اور زائد رقوم کے انتظام وغیرہ جیسے معاملات انجام دیگا نیز شرعی قوانین کے مطابق وقف فنڈ کو یہ اختیار ہو گا وہ زائد آمدنی کا مکمل حصہ یا کچھ حصہ احتیاطی فنڈ کے طور پر رکھے یا مکمل طور پر یا اسکا کچھ حصہ وقف فنڈ کے قوانین کے مطابق شرکاء میں تقسیم کر دے البتہ جیسا کہ شریعہ ایڈوائزر نے مشورہ دیا ہے کہ ونڈو تکافل آپریٹر زائد رقم مندرجہ ذیل تین بنیادوں پر تقسیم کرے گا۔

(الف)زائد رقم کا کچھ حصہ احتیاطی فنڈ کے طور پر رکھا جائے گا تاکہ مستقبل کے نقصانات کو کم کیا جاسکے۔

(ب)زائد رقم کا کچھ حصہ پی ٹی ایف کے شرکاء میں تقسیم کر دیا جائے گا تاکہ عام مروجہ انشورنس سے امتیاز ہو سکے۔

(ج)گنجائش ہونے کی صورت میں زائد رقم کا کچھ حصہ ہر سال رفاہی مقاصد میں خرچ کیا جانا چاہئے۔

6۔وقف کے قوانین کے مطابق اگر فنڈ نقد میں تبدیل ہو گیا تو واجب الاداء رقوم کی ادائیگیوں کے بعد پی ٹی ایف کی بقایا رقم شریعہ ایڈوائزر کی جانب سے طے کردہ طریقہ کار کے مطابق رفاہی مقاصد میں استعمال کی جائے گی۔ تاہم سیڈنگ اماؤنٹ (اصل وقف شدہ رقم) کسی اور وقف فنڈ میں منتقل کر دی جائے گی۔

7۔پی ٹی ایف کے منتظم ہونے کی وجہ سے ونڈو تکافل آپریشنز کی دو حیثیتیں ہیں:

(الف)وقف کے منتظم ہونے کی حیثیت سے ونڈو تکافل آپریشنز وکالت کی فیس کے عوض پی ٹی ایف کے انتظامات کریگی اور یہ وکالہ فیس وقف کو حاصل ہونے والے عطیات کا ایک مخصوص فیصدی حصہ ہو گا جو وقف فنڈ سے ادا کیا جائے گا نیز منتظم ہونے کی حیثیت سے ونڈو تکافل آپریشنز وقف نامہ کے مطابق پی ٹی ایف سے متعلقہ تمام ضروری امور انجام دیگی۔

(ب)ونڈو تکافل آپریشنز کی دوسری حیثیت مضارب کی ہے بطور مضارب ونڈو تکافل آپریشنز پی ٹی ایف کے زائد فنڈ کی سرمایہ کاری سے حاصل شدہ نفع کے ایک طے شدہ حصے میں شریک ہو گی۔

شریعہ ایڈوائزر نے تکافل کی پالیسیوں سے متعلق مندرجہ ذیل قانونی دستاویزات کا جائزہ لے کر انکی منظوری دی ہے۔

1۔وقف نامہ

2۔وقف پالیسی

3۔ فنڈ کے ممبر بننے کی درخواست

4۔نقصان کی تلافی کیلئے داخل کیا جانے والا فارم

فی الحال تکافل ونڈو تکافل آپریشنز مندرجہ ذیل تکافل ممبر شپ کی سہولت فراہم کر رہی ہیں۔

دار الافتاء

1۔ فیملی تکافل پلان

2۔ چائلڈ ایجوکیشن تکافل پلان

3۔ میرج تکافل پلان

4۔ سیونگز پلان

نوٹ: ان مذکورہ بالا تمام ڈاکومنٹس کی کاپی منسلک کی گئی۔

ونڈو تکافل آپریشنز کے شریعہ ایڈوائزر نے معیاری ری تکافل کے معاہدات کا بھی جائزہ لیا ہے۔ اور ان کمپنیز کے ساتھ ری تکافل کا معاہدہ کرنے کی بھی اجازت دی ہے۔

نیز شریعہ ایڈوائزر وقتاً فوقتاً ونڈو تکافل آپریشنز کے افعال، طریقہ کار، نظام اور دستاویزات کا جائزہ لیتے ہیں اور اسے شریعت کے مطابق ڈھالنے کی ہدایت دیتے ہیں۔

مذکورہ بالا امور کی روشنی میں دریافت طلب امر یہ ہے کہ جوبلی فیملی تکافل (ونڈو تکافل آپریشنز) کی مذکورہ بالا تکافل ممبر شپ حاصل کرنا جائز ہے یا نہیں؟

دار الافتاء

والسلام

محمد ثاقب الدین صدیقی

رابطہ نمبر: 03323094706

5/ محرم الحرام/ 1438ھ